# مقالہ نگاروں کے لیے ہدایات

☆ ''معیار''، تحقیقی وتنقیدی مجلّہ ہے۔ جس میں اردو زبان وادب کے حوالے سے غیر مطبوعہ مقالات HEC کے طے کردہ ضوابط کے مطابق شائع کیے جاتے ہیں۔

☆ تمام مقالات اشاعت سے قبل Peer Review کے لیے مختلف ماہرین کو بھیجے جاتے ہیں جن کی منظوری کے بعد مقالات ''معیار'' میں شائع کیے جاتے ہیں۔

☆ مقالہ ارسال کرتے ہوئے درج ذیل اصولوں کو ملحوظ رکھا جائے جو کہ آج کی ترقی یافتہ علمی دنیا میں بالعموم رائج ہیں۔ مقالہ A4 جسامت کے کاغذ پر ایک ہی جانب کمپوز کروا کر بھیجا جائے۔ جس کے متن کا مسطر ۸x۵' انچ میں رکھا جائے۔ حروف نوری نستعلیق میں ہوں جن کی جسامت '۱۲' پوائنٹ ہو۔ مقالے کے ساتھ انگریزی زبان میں اس کا خلاصہ (Abstract) (تقریباً ۱۰۰ الفاظ) اور عنوان ضرور شامل کیا جائے۔ مقالے کی CD بھی ساتھ ضرور ارسال فرمائیں۔ یعنی مقالے کی ''ہارڈ'' اور ''سوفٹ'' کاپی دونوں ارسال کی جائیں۔

☆ مقالے کے عنوان کا انگریزی ترجمہ، مقالہ نگار کے نام کے انگریزی ہجے اور موجودہ سٹیٹس نیز مکمل پتہ درج کیا جائے۔

☆ ''معیار'' میں بالخصوص اردو زبان وادب کے درج ذیل موضوعات پر مقالات شائع کیے جاتے ہیں۔ تحقیق: لسانیات، تدوین متن و تحقیق متن کے موضوعات، علمی وتنقیدی مباحث، مطالعہ ادب، تخلیقی ادب کے تنقیدی وتجزیاتی مباحث اور مطالعہ کتب۔

☆ مقالہ میں استعمال ہونے والے تمام حوالہ جات وحواشی کی نمبر ترتیب ایک ہی ہوگی اور مقالہ کے آخر میں حوالہ جات وحواشی درج ذیل طریقے سے دیئے جائیں گے۔

<u>ا۔ مطبوعہ کتب کا حوالہ:</u>

فخر الحق نوری، ڈاکٹر، ''مطالعہ راشد: چند نئے زاویے''، مثال پبلشرز فیصل آباد، ستمبر ۲۰۱۰ء، ص ۲۶۲

<u>ب۔ مطبوعہ مقالات کا حوالہ:</u>

سہیل عباس، ڈاکٹر ''آزاد بحیثیت قواعد نگار'' مشمولہ: ''آزاد صدی مقالات'' مرتبین: ڈاکٹر تحسین فراقی، ڈاکٹر ناصر عباس نیر، شعبہ اردو اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی لاہور، ۲۰۱۰ء، ص ۲۸۹

<u>ج۔ مجلّہ، جریدہ یا رسالہ میں شامل مقالہ کا حوالہ:</u>

عزیز ابن الحسن، ڈاکٹر ''اقبال: فکر وفن کا ایک امتزاج'' مشمولہ: ''معیار'' شمارہ ۷۔ جنوری تا جون ۲۰۱۲ء، مدیر، ڈاکٹر رشید امجد، شعبۂ اردو، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، ص ۱۵

<u>د۔ ترجمہ کا حوالہ:</u>

ایڈورڈ سعید (Edward Saeed)، ''اسلام اور مغربی ذرائع'' (Covering Islam) مترجم: جاوید ظہیر، مقتدرہ قومی زبان پاکستان، اسلام آباد، ۱۹۸۱ء، ص ۲۸۳

<u>ہ۔ اخبار کی کسی تحریر کا حوالہ:</u>

سلیم الدین قریشی، ''ہم نے کیا کھویا کیا پایا'' مشمولہ: ''روزنامہ جنگ'' کراچی، ۲۳ رمئی ۲۰۰۸ء، ص ۷

<u>و۔ مکتوب کا حوالہ:</u>

مکتوب مالک رام بنام گیان چند، مورخہ ۴ راگست ۱۹۸۶ء

<u>ز۔ ریکارڈ یا ذخیرے کا حوالہ:</u>

Descriptive Catalogue of Qaid-e-Azam papers:F.262/100

<u>ح۔ انٹرنیٹ، آن لائن دستاویز کا حوالہ:</u>

http://hin.minoh.osaka-u.ac.jp/urdumetresample/urdu0527.html (مورخہ: ۱۹ رجولائی ۲۰۱۱ء: بوقت ۲۴: ۸ رات)

☆ مقالے کے آخر میں کتابیات شامل نہ کی جائیں۔

☆ مندرجات کی تمام تر ذمہ داری محققین پر ہوگی۔